© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**معین القاری شرح صحیح البخاری**، مولانا معین الدین خٹکؒ، ترتیب وتخریج: مولانا محمد عارف۔

ناشر: شعبۂ نشر واشاعت' جامعہ عربیہ گوجرانوالہ۔ ضخامت: جلد اول: ص ۲۷۷' دوم: ص ۴۵۴۔

قیمت فی جلد: ۱۵۰ روپے۔

صحیح بخاری جس طرح کتبِ حدیث میں أصحّ الکتب بعد کتاب اللّٰہ شمار ہوتی ہے' اسی طرح یہ بجاطور پر أدق الکتب بعد کتاب اللہ بھی ہے۔ چنانچہ صحیح بخاری کی بے شمار شروح میں سے زیادہ مشہور اور ممتاز دو شروح ہوئیں۔ ایک حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانیؒ (م: ۵۸۲ھ) کی فتح الباری اور دوسری علامہ بدرالدین محمود احمد العینیؒ (م: ۸۵۵ھ) کی عمدۃ القاری ہے۔ حال ہی میں علامہ مولانا معین الدین خٹکؒ کی معین القاری شرح صحیح البخاری شائع ہوئی ہے۔ یہ مولانا خٹک مرحوم کی تقاریر کیسٹوں سے اتار کر ان کے شاگردِ رشید حضرت مولانا محمد عارف نائب شیخ الحدیث جامعہ عربیہ گوجرانوالہ کی زیرنگرانی اور ان کی کاوش سے مرتب کی گئی ہے۔

یہ صحیح بخاری کی مکمل شرح ہے۔ اس میں حدیث کا مکمل متن اور سلیس اُردو ترجمہ ہے' اور یہ ذکر بھی کہ صحیح بخاری میں ایک حدیث کتنی جگہ آئی ہے۔ صحیح بخاری کی مشکلات کا حل اور ترجمۃ الباب کے تحت ذکر کردہ احادیث سے ترجمۃ الباب کا ربط پوری تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ ترجمۃ الباب کے مباحث ومضامین' مستنبط مسائل اور آیات واحادیث کی جامع اور مفصل تشریح' رُواۃ (حدیث) کے حالات' قدیم اور جدید فرق باطلہ اور ان کے فلسفوں اور نظریات پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ نئے اِزموں: سیکولرزم' سوشلزم' کمیونزم اور نئے فرقوں: قادیانیوں' منکرین حدیث اور ان کے مختلف گروہوں: پرویزیوں اور چکڑالویوں کا

© rasailojaraid.com